UK Government

ایمرجنسی الرٹس سسٹم

نئی ایمرجنسی الرٹس سروس اب لائیو دستیاب ہے۔ اگر لوگوں کی زندگیوں کو کسی ہنگامی صورت حال کی وجہ سے خطرہ لاحق ہو، تو اس سسٹم کی مدد سے ان کے موبائل فون کے ذریعے ان سے رابطہ کیا جا سکے گا۔ اس سروس کا استعمال آپ کو درپیش جان لیوا ہنگامی حالات مثلاً شدید سیلاب وغیرہ کے بارے میں خبردار کرنے کے لیے کیا جائے گا۔

جب آپ کے علاقے میں آپ کی زندگی، صحت یا املاک کو کوئی ممکنہ خطرہ ہو سکتا ہو، تو ایمرجنسی الرٹس آپ کو آپ کے 4G اور 5G پر کام کرنے والے تمام موبائل فونز پر بھیجے جانے والے پیغامات کی صورت میں موصول ہوں گے۔ ان کے لیے آپ کے فون نمبر کی ضرورت نہیں ہو گی اور نہ ہی آپ کے مقام کا کھوج لگایا جائے گا۔ ایسے پیغامات صرف حکومت اور ایمرجنسی سروسز کی جانب سے ہی بھیجے جا سکیں گے۔ آپ ایسے انتباہات کے اصلی ہونے کی تصدیق بذریعہ **gov.uk/alerts** کر سکیں گے۔ ایمرجنسی الرٹس ان طریقوں میں سے صرف ایک طریقہ ہے جن کی مدد سے حکومت ہنگامی حالات کے بارے میں عوام سے رابطہ کرتی ہے۔ لہٰذا اگر آپ کے پاس موبائل فون موجود نہیں ہے، تو پریشان نہ ہوں – آپ کو اب بھی میڈیا اور مقامی ایمرجنسی سروسز کے ذریعے آگاہ کیا جائے گا۔

ایک ایمرجنسی الرٹ دوسری اقسام کے پیغامات جیسے کہ SMS 'ٹیکسٹ میسجز' سے بہت مختلف نظر آتا ہے اور اس کی آواز بھی مختلف ہوتی ہے۔ ایمرجنسی الرٹ موصول ہونے کی صورت میں آپ کو واضح طور پر پتہ چلے گا، کیونکہ آپ کو سائرن جیسی بلند آواز سنائی دے گی اور آپ کا فون ایک الگ قسم کی وائبریشن استعمال کرے گا۔ آپ کی اسکرین پر آنے والا ایک پیغام آپ کو ہنگامی حالت کے بارے میں آگاہ کرے گا اور یہ کہ آپ کو کیا کرنا چاہئیے۔ آپ کے فون کی خصوصیات کے مطابق ہنگامی انتباہ آپ کی اسکرین کو بڑا کر کے دکھائے گا اور آپ کے فون کی والیوم کی ترتیبات سے قطع نظر آپ کو پیغام پڑھ کر بھی سنایا جائے گا۔ فون سے نکلنے والی منفرد آواز کو ایسے لوگ بھی سن پائیں گے جو عام حالات میں کوئی سماعتی معاونت استعمال کرتے ہیں۔

آپ ایمرجنسی الرٹس موصول نہ کرنے کا انتخاب بھی کر سکتے ہیں، تاہم ہم پرزور مشورہ دیتے ہیں کہ ہمارے لوگ اس سروس کو نظر انداز نہ کریں، کیونکہ اس کا مقصد جب آپ کی جان کو کوئی خطرہ لاحق ہو، تو آپ کو اس بارے میں خبردار کرنا ہے۔ اگر آپ یہ موصول نہیں کرنا چاہتے، تو اپنے فون میں 'ایمرجنسی الرٹس' (emergency alerts) کے لیے سیٹنگز تلاش کریں اور ایمرجنسی الرٹس کو آف کر دیں۔ اگر یہ طریقہ کام نہ کرے، تو براہ کرم اپنی ڈیوائس کے مینوفیکچرر سے رابطہ کریں۔ مزید مشورہ کے لیے gov.uk/alerts/opt-out پر جائیں۔

مستقبل میں آپ کو اپنے فون پر ایک انتباہ موصول ہو سکتا ہے، اگر آپ کو ایسا کوئی انتباہ موصول ہوتا ہے، تو براہ کرم انتباہ کو غور سے پڑھیں اور ہدایات پر عمل کریں۔ اگر یہ آپ کو موصول ہوتا ہے، تو براہ کرم اس کی شکل اور احساس کو یاد رکھیں۔ اس کے کام کرنے کے طریقہ کار کے بارے میں مزید جاننے کے لیے **gov.uk/alerts** پر موجود ہماری ویڈیو دیکھیں۔

سسٹم کو ٹیسٹ کرنا

نئے ایمرجنسی الرٹس سسٹم کو قومی سطح پر 23 اپریل کو 1500 بجے (یعنی دن 3:00 بجے) ٹیسٹ کیا جائے گا۔ ایمرجنسی الرٹ آپ کے موبائل فون کی اسکرین پر پیغام کے ساتھ ایک تیز، سائرن جیسی آواز کے ساتھ موصول ہو گا۔ مزید جاننے کے لیے، ملاحظہ کریں: gov.uk/alerts

UK Government

موٹر سائیکل سواروں کے لیے انتباہ

گاڑی یا موٹرسائیکل چلاتے وقت، آپ کو موبائل فون کو ہاتھ میں **نہیں** پکڑنا چاہیے۔ ایسا کرنا غیرقانونی ہے۔ اگر آپ کو دوران ڈرائیونگ انتباہ موصول ہوتا ہے، تو آپ کو فون کو ہر گز اٹھانا نہیں چاہیے یا پیغام پر کوئی عمل نہیں کرنا چاہیے۔ معمول کے مطابق ڈرائیونگ جاری رکھیں اور اپنی گاڑی کو بھی مکمل طور پر اپنے قابو میں رکھیں۔ اگر آپ کو فون کو دیکھنے کی ضرورت محسوس ہو، تو پہلے کسی محفوظ اور قانونی جگہ پر رک جائیں۔

VCS Emergencies Partnership

This translation has been commissioned by the VCS Emergencies Partnership. Content is as published by the Cabinet Office.